


For more visit: https://exponovels.com/ Mail: exponovels@gmail.com

# نگاہِ بسمل

از قلم:۔ امیر حمزہ

مکمل ناول

ہر روز کی طرح میری زندگی کی ایک اور صبح ہوگئی۔۔۔اس صبح کے سناٹے سے بھرے بازار میں۔۔۔۔ صبح یہاں ایسا سناٹا ہوتا ہے کہ یوں لگتا ہے کہ کبھی کوئی آیا ہی نہیں تھا یہاں۔۔۔پھر جیسے جیسے سورج آسمان پہ سرکتا ہے۔۔۔ویسے ویسے عورتوں کی ایک بڑی تعداد سڑک پہ اتر آتی ہے۔۔۔۔ جیسے عورتوں کا جلوس ہو۔۔۔۔ملتان بھی کمال ہے۔۔۔۔اور اسکا یہ بازار "حسین آگاہی" بچپن سے میرے دل کے بہت قریب رہا ہے۔۔۔۔۔اور وجہ ہے یہاں کی رونق۔۔۔چمچماتی دکانیں۔۔۔اور ان میں سجی چیزیں۔۔۔۔۔جب چھوٹا تھا تو اسکول جانے کے بجائے یہاں چلا آتا تھا۔۔۔۔پورا دن دکانوں کو دیکھتا رہتا۔۔۔۔ کبھی اس دکان کے باہر جا کھڑا ہوتا۔۔۔۔تو کبھی اُس۔۔۔۔۔تب سے سوچ لیا تھا۔۔۔۔۔۔بڑا ہوا تو اپنی دکان ادھر ہی بناؤں گا۔۔۔۔پڑھائی سے تو ویسے ہی میری جان جاتی تھی۔۔۔پہلے بیگ کھولتا تو تھکن ہونے لگتی۔۔۔۔۔پھر جب کتاب کھولتا تو نیند آجاتی۔۔۔۔ سبق یاد کرتے کرتے میں اس دنیا سے دور اپنی نیند میں ہی کھو جاتا تھا۔۔۔۔۔۔پر یہ نیند۔۔۔۔۔۔۔ہائے ادھوری نیند۔۔۔۔میری نیند ہمیشہ سے ادھوری رہ جاتی ہے۔۔۔۔۔۔اور وجہ ہے میرے چھوٹے بہن بھائی۔۔۔۔۔ماشاءاللہ سے مجھ سے چھوٹے پورے چھ ہیں۔۔۔۔۔ تین بہنیں تین بھائی۔۔۔۔۔اور ایک مجھ سے بڑی بہن۔۔۔۔۔کُل ملا کر ہم آٹھ بہن بھائی ہیں۔۔۔۔۔۔جب سے ہوش سنبھالا تو گود میں بہن بھائی ہی کھلائے۔۔۔۔۔۔اور

اب تک کھلاتا آرہا ہوں۔۔۔۔۔۔ابا کو بچے پسند تھے۔۔۔۔۔۔اس لیے آٹھ پیدا کر لیے۔۔۔۔۔۔دو مرلے کا مکان جس کے دو کمرے ہی ہیں۔۔۔۔ان میں پورا دن یوں شور مچا کر رہتا ہے جیسے ہم پارک میں آگئے ہوں۔۔۔۔۔۔

پہلے یہ شور کم کم لگتا تھا۔۔۔اب بڑی بہن بھی جس کی شادی پانچ سال پہلے ہوئی تھی۔۔۔۔اپنے چار بچوں کے سنگ آجاتی ہے۔۔۔۔پھر تو گھر، گھر کم چڑیا گھر زیادہ لگتا ہے۔۔۔۔۔جب بھی سونے کی کوشش کرو۔۔۔۔کوئی روتا دھاڑتا آجاتا ہے۔۔۔۔۔اور ڈانٹ دو تو اور رونا۔۔۔۔۔اس لیے میں نے اپنی گھر میں موجودگی کم کرلی۔۔۔۔رات گئے جاتا ہوں۔۔۔اور صبح صبح اپنی دکان پہ آجاتا ہوں۔۔۔۔۔پھر اپنی اس کپڑے کی دکان میں بیٹھ کر اونگھتا رہتا ہوں۔۔۔۔۔دکان اچھی جگہ پہ مل گئی۔۔۔۔اس لیے خوب چلنے لگی۔۔۔ابو مجھ سے بہت خوش رہتے ہیں۔۔۔کیونکہ انہیں اب کمانا نہیں پڑتا۔۔۔۔وہ اب گھر رہتے ہیں۔۔۔۔ تبھی تو خوش رہتے ہیں۔۔۔۔خیر یہ باتیں

چھوڑو۔۔۔۔۔ایک اور بات بتانی تھی۔۔۔۔۔۔کل میری دکان میں ایک لڑکی

آئی۔۔۔۔۔نہیں۔۔۔۔نہیں لڑکی نہیں۔۔۔۔حور۔۔۔۔۔پل بھر کے لیے تو میں اسے دیکھتا رہ

گیا۔۔۔۔سوچا "کوئی اتنا خوبصورت کیسے ہوسکتا ہے"۔۔۔؟؟؟ وہ مجھ سے کپڑے نکلواتی

رہی۔۔۔۔اور میں کپڑے اتنی سستی سے نکال رہا تھا کہ میری دکان پہ جو میں نے لڑکا رکھا ہوا ہے وہ حیرت سے مجھے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔پر میں اسکی حالت سے بے نیاز رہا۔۔۔۔اور اس لڑکی کو دیکھتا رہا۔۔۔۔جو میری سستی پہ بھی مسکرا رہی تھی۔۔۔اسکا لہجہ اتنا شانت اور نرم تھا کہ میرا دل کیا وہ بولتی رہے۔۔۔۔۔میری کوشش تھی کہ میں اسکے سامنے پوری دکان رکھ دوں تاکہ وہ ایک ایک کپڑا دیکھے۔۔۔۔۔اور گھر جا ہی نہ سکے۔۔۔۔۔۔بس میرے سامنے بیٹھی رہے۔۔۔۔اسنے مہرون رنگ کی چادر لی ہوئی تھی۔۔۔جس میں اسکا سپید رنگ دمک رہا تھا۔۔۔۔آنکھیں کانچ کی لگتی تھیں۔۔۔۔جن میں کاجل نہ بھی ہوتا تو وہ اماوس کی عکاسی ہی کرتیں۔۔۔۔ان آنکھوں میں، مجھے

اپنا آپ صاف دکھائی دے رہا تھا۔۔۔۔اسکے باریک ہونٹ ہلتے تو یوں لگتا جیسے ابھی پروائی کا جھونکا چلا ہے۔۔۔۔اور کسی نازک گلاب کی پنکھڑیاں نرمی سے ہلی ہیں اسکی کلائی میں پہنی سرخ چوڑیاں اسکے ہاتھوں میں بہت بچ رہی تھیں وہ جب ہاتھ ہلاتی تو چوڑیوں کی چھنکار اتنی سحر زدہ تھی کہ انکے علاوہ کچھ سنائی ہی نہ دیتا تھا۔۔۔۔میں اسے دیکھنے میں اتنا مصروف ہوگیا کہ اسکی آواز۔۔۔۔بلکہ پھر پورے بازار کی آواز آنا بند ہوگئی۔۔۔۔۔سب کچھ خاموش۔۔۔۔۔میرا یہ سحر نہ ٹوٹتا اگر میری دکان کا لڑکا آصف مجھے نہ ہلا کر کہتا۔۔۔

"بھائی مانی باجی کو یہ والا سوٹ چاہیے"۔۔۔۔۔۔اسنے مجھے ہلا کر ہلکے نیلے رنگ کا ایک سوٹ دیا۔۔۔۔میرا دل کیا میں اس آصف کے دو لگا دوں پر ضبط کرگیا۔۔۔۔۔اور سامنے دیکھا وہ اب اپنی کلائی پہ بندھی گھڑی کو پریشانی سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔اسکے ساتھ شاید اسکی دوست تھی۔۔۔۔جو بار بار اسے کہہ رہی تھی۔۔۔۔

"جلد کرلو یار۔۔۔۔گھر بھی جانا ہے"۔۔۔۔۔میں نے ناگواری سے اس لڑکی کو گھورا۔۔۔۔۔"اتنی جلدی تھی تو آتی ہی نہ"۔۔۔۔۔میں نے جل کر دل میں سوچا۔۔۔۔پر چہرے سے اپنے اندر کا حال ظاہر نہ ہونے دیا۔۔۔۔مسکراتا رہا۔۔۔۔۔۔پھر اس نازنین نے ہولے سے کہا

"آپ یہ پیک کردیں اور ریٹ بتا دیں"۔۔۔۔۔۔میرا دل کیا کہہ دوں مفت کا ہے لے جائیں۔۔۔۔۔۔پر میرے کچھ کہنے سے پہلے آصف بول پڑا۔۔۔۔

"یہ پانچ ہزار کا ہے آپ کو ساڑھے چار کا لگ جائے گا"۔۔۔۔۔۔آصف کی بات پہ جیسے اس ماہ رخ کا منہ اتر گیا۔۔۔۔وہ خاموش سی ہوگئی۔۔۔۔اپنی دوست کو دیکھا۔۔۔۔۔اور اسکی دوست نے مجھے۔۔۔۔

"اتنا مہنگا۔۔۔ایسا کیا لگا ہے اس میں"۔۔۔۔؟؟؟ دل نے کہا "بہت سستا ہے یہ پہنیں گی تو مہنگا ہو گا۔۔۔شاید پھر تو میں بھی نہ خرید پاؤں"۔۔۔۔۔۔۔۔۔پر دل کی بات دل میں ہی رہ گئی اپنی عادت سے مجبور آصف بولا۔۔۔۔۔۔

"باجی برینڈ کا ہے۔۔۔۔۔اس سے کم کا آپ کو کہیں بھی نہیں ملے گا"۔۔۔۔۔۔میں نے آصف کو گھورا۔۔۔۔یعنی اپنی اس زبان کو آرام دے لو۔۔۔۔نہیں تو کاٹ دوں گا۔۔۔۔۔پھر میں مسکرایا۔۔۔اور دوبارہ سامنے بیٹھی۔۔۔۔پری کو دیکھا۔۔۔۔۔

"آپ کتنے دیں گی"۔۔۔۔؟؟؟ سوال اس سے تھا۔۔۔۔جواب اسکی دوست نے دیا۔۔۔۔۔

"دو ہزار"۔۔۔۔۔۔میں نے بھنو اچکا کر اسکی دوست کو دیکھا۔۔۔۔۔

"میں نے ان سے پوچھا ہے"۔۔۔۔۔۔ نجانے کیوں میرا لہجہ سخت ہوگیا۔۔۔۔۔اسکی دوست کی تو بولتی سی بند ہوگئی۔۔۔۔۔اور وہ ماہ رخ کھنکاری۔۔۔۔

"میرے پاس اتنے ہی ہیں"۔۔۔۔۔۔اسنے دوہزار نکال کر میرے سامنے کردیے۔۔۔۔اس وقت وہ مجھے اتنی معصوم لگی کے میں اس پہ قربان ہوگیا۔۔۔۔۔۔میں نے دو ہزار پکڑے۔۔۔۔۔جیب سے والٹ نکالا۔۔۔۔۔اور پانچ سو واپس دے دیے۔۔۔۔۔۔آصف کو جھٹکا لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسکی دوست کا بھی منہ کھول گیا۔۔۔۔۔کچھ کچھ حیران وہ بھی نظر آنے لگی۔۔۔۔۔میں فوراً سنبھلا۔۔۔۔

"یہ پرانا مال ہے۔۔۔۔۔اس لیے ریٹ کم لگا دیا آپ کو"۔۔۔۔۔میری یہ بات آصف کو کسی صورت ہضم نہ ہوئی۔۔۔پر اس ماہ وش کے چہرے پہ خوشی کی لہر دوڑ گئی تھی۔۔۔۔۔اور مجھے اپنے پہلو میں دھڑکتے دل کی رفتار بڑھتی محسوس ہوئی۔۔۔۔۔

"بہت شکریہ"۔۔۔۔۔۔وہ اتنی ممنونیت سے بولی کہ دل کیا وہ پندرہ سو بھی واپس دے دوں پر آصف صدمے سے مر جائے گا اس لیے یہ خیال دل سے نکال دیا۔۔۔۔۔میں سوٹ لے کر اسے پیک کرنے لگا کہ آصف بولا۔۔۔۔"مانی بھائی میں کر دیتا ہوں"۔۔۔۔۔۔

"کیوں میرے ہاتھ ٹوٹے ہوئے ہیں"۔۔۔؟؟؟ میں نے ہلکی سی کرختگی سے کہا تو آصف مزید حیران ہو گیا۔۔۔کیونکہ میں نے اس سے آج تک ایسے بات نہیں کی تھی۔۔۔۔میں تو بہت ٹھنڈے مزاج کا آدمی ہوں۔۔۔۔۔بہت کم غصہ آتا ہے مجھے۔۔۔۔اور جو آتا ہے اسے قابو میں کرنا مجھے خوب آتا ہے۔۔۔۔۔پر آج آصف کے بار بار درمیان میں بولنے سے میں چڑ گیا۔۔۔اس لیے اس سے یوں بات کر لی۔۔۔۔آصف دور ہی رہا پھر سوٹ سے۔۔۔۔میں نے پیک کرنا شروع کیا۔۔۔۔پر پھر میں رکا۔۔۔۔۔

"سوٹ صحیح دے دیا تو یہ کل نہیں آئے گی"۔۔۔۔۔اندر سے آواز آئی۔۔۔میرا سوٹ پیک کرتا ہاتھ رک گیا۔۔۔

میں نے مڑ کر اس ماہ جبیں کو دیکھا جو پھر سے اپنی کلائی پہ بندھی گھڑی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔اسکے معصوم چہرے پہ مجھے وقت کے پھسلنے کی پریشانی زرا اچھی نہ لگی۔۔۔۔۔پر خیر میں کیا کر سکتا تھا۔۔۔دوبارہ پلٹ کر سوٹ پیک کرنے لگا۔۔۔ تبھی میری نظر قینچی پہ پڑی۔۔۔۔اور ایک جھٹکا میرے دماغ میں ہوا۔۔۔پھر میں نے دیر نہ لگائی۔۔۔۔ قینچی اٹھائی اور اس سوٹ کو درمیان سے کاٹ دیا۔۔۔۔اور پیک کر کے اسکی طرف بڑھا دیا۔۔۔۔وہ سوٹ لے کر چلی گئی۔۔۔۔اسکے جانے کے بعد میں پورا دن اسکے آنے کا انتظار کرتا رہا۔۔۔۔۔لیکن وہ آئی ہی نہیں رات کو دکان بھی بارہ بجے بند کی۔۔۔پر وہ پھر بھی نہیں آئی۔۔۔۔۔اسلیے آج جلدی آگیا۔۔۔"یقیناً وہ آج آئے گی"۔۔۔۔۔اس امید پہ میں جلدی آگیا اور اب دکان کھول کر بازار کی سڑک سے باتیں کر رہا ہوں۔۔۔۔۔کہ وہ کیوں نہیں لا رہی اسے۔۔۔۔۔۔آصف بیچارا۔۔۔۔کل کی میری تلخی بھول گیا تھا۔۔۔اسلیے آتے ہی گانے چلا لیے۔۔۔اور دکان کی صفائی کرنے لگا۔۔۔۔اور میں اس ماہِ حُسن کا انتظار۔۔۔۔۔پر دن پل پل ڈھلتا جارہا تھا۔۔۔۔۔وہ آ ہی نہیں رہی تھی۔۔۔۔اور اسکے علاوہ کسی اور کو ڈیل کرنے کا میرا بالکل دل نہیں تھا۔۔۔۔۔اس لیے خفا خفا سا جاکر دکان کے آخری کونے میں بیٹھ گیا۔۔۔۔منہ بنا کر۔۔۔۔۔۔دوپہر کو آصف کھانے کا پوچھنے لگا "مانی بھائی کیا لاؤں کھانے میں"۔۔۔؟؟؟

"کچھ بھی لے آ یار تو نے ہی کھانا ہے"۔۔۔۔۔میں نے بے دلی سے جواب دیا۔۔۔۔۔میری بھوک سی مر گئی تھی۔۔۔۔بڑا اداس ہوگیا تھا سچی۔۔۔۔اسکے نہ آنے سے۔۔۔۔۔پر خیر۔۔۔۔

"کیوں آپ نے نہیں کھانا"۔۔۔؟؟؟ آصف نے حیرت سے پوچھا۔۔۔میں نے بس سر نہ میں ہلا دیا اور پھر موبائل نکال لیا۔۔۔۔ظاہر کیا میں مصروف ہوں۔۔۔۔اس لیے آصف کچھ اور کہے بغیر چلا گیا۔۔۔۔اسکے جاتے ہی میں دکان کے باہر آگیا۔۔۔۔۔اور سامنے سڑک سے آتی عورتوں کو دیکھنے لگا۔۔۔۔کہ شاید وہ بھی آرہی ہو۔۔۔۔۔کچھ دیر دیکھتا رہا۔۔۔۔پھر میرا دل بری طرح سے دھڑکا۔۔۔۔۔وہ سامنے سے آرہی تھی۔۔۔۔۔اسی دوست کے ساتھ۔۔۔۔اسی مہرون چادر میں۔۔۔۔۔میں دور سے بھی دیکھ کر بتا سکتا تھا کہ وہ آج بھی کمال ہی لگ رہی ہے۔۔۔۔۔میرا دل کیا بھاگ کر جاؤں اور اسے ہاتھ سے پکڑ کر لے آؤں۔۔۔۔۔کہ جلدی آؤ میں تمہارا کل سے انتظار کررہا ہوں۔۔۔۔۔پر اپنے آپ پہ قابو پاتا میں دکان میں آگیا۔۔۔۔۔اسکے ہاتھ میں میری دکان کا ہی شاپر تھا۔۔۔۔وہ یقیناً سوٹ واپس کروانے آرہی تھی۔۔۔۔۔۔اسلیے میں نے جلدی سے کاؤنٹر سنبھالا۔۔۔۔۔اگلے پانچ منٹ بعد وہ میرے سامنے کھڑی تھی۔۔۔۔وہ آج بھی بڑے ٹھہرے ٹھہرے لہجے میں گلہ کررہی تھی۔۔۔۔

"یہ آپ نے کیسا سوٹ دیا ہے دیکھیں۔۔۔۔بالکل درمیان سے پھٹا ہوا ہے"۔۔۔۔۔اسکے لہجے میں افسوس بھی تھا۔۔۔میرا دل بے چیہن سا ہوا۔۔۔۔میں نے جلدی سے سوٹ لیا۔۔۔۔

"میرا دھیان نہیں گیا۔۔۔آپ فکر نہ کریں میں اسے چینیج کردیتا ہوں"۔۔۔۔میں نے فوراً سے پہلے دوسرا سوٹ نکلا اور کھول کر اسکے سامنے پھیلا دیا۔۔۔۔

"بس ٹھیک ہے آپ پیک کردیں"۔۔۔۔۔اسے شاید آج بھی جلدی تھی۔۔۔۔۔پر اسکی دوست فوراً بولی

"نہیں نگاہ دھیان سے دیکھ لو ابھی، میں کل پھر نہیں آؤں گی تمہارے ساتھ"۔۔۔۔۔۔۔اسکی بات پہ وہ سچ میں دھیان سے سوٹ دیکھنے لگی۔۔۔۔بونگی کہیں کی۔۔۔۔۔میں نے اسکا نام زیرلب بڑبڑایا "نگاہ"۔۔۔۔۔پھر اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ نگاہ ہی تھی۔۔۔۔۔۔اور میں اس نگاہ کا بسمل۔۔۔۔۔۔وہ سوٹ دھیان سے دیکھنے میں مصروف تھی اور میں اسے۔۔۔۔۔اسی اثناء آصف بھی آگیا۔۔۔۔۔۔مجھے کاؤنٹر پہ کھڑا دیکھا وہ جلدی سے کھانا رکھ، میرے پاس آیا۔۔۔۔

"میں دیتا ہوں بھائی"۔۔۔۔۔۔۔میں نے بھنو اچکائی۔۔۔۔

"تو جا نا بھائی کھانا کھا ٹھنڈا ہو جائے گا"۔۔۔۔۔۔میرا لہجہ پھر سے سخت ہو گیا تھا۔۔۔۔۔وہ بیچارا خاموشی سے چلا گیا۔۔۔۔۔تب تک نگاہ بھی سوٹ کو اچھی طرح جانچ چکی تھی۔۔۔۔۔میں نے اسے سوٹ پیک کرکے دیا۔۔۔۔۔وہ اٹھ کر جانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔

"دوبارہ کب آئیں گی آپ"۔۔۔۔؟؟؟ میں بے خود سا بول پڑا۔۔۔۔وہ جاتی جاتی رک گئی۔۔۔پلٹی مجھے دیکھا۔۔۔۔

"جی"۔۔۔۔؟؟؟ اسنے نا سمجھی سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔پل بھر کے لیے میرا حلق سوکھ گیا۔۔۔۔کوئی جواب سمجھ نہ آیا۔۔۔۔۔پر پھر میں نے خود کو سنبھلا اور بولا۔۔۔۔۔

"وہ۔۔۔میرا مطلب ہے کہ کوئی جوڑا لینا ہو تو آپ ہماری ہی دکان میں آیئے گا"۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہلکا سا مسکرا دی۔۔۔۔اور سر کو خم دے کر چلی گئی۔۔۔۔۔میں نے ایک نظر اپنے ہاتھوں خراب کیے سوٹ پہ ڈالی۔۔۔۔۔اگر ابو کو پتہ چل گیا کہ میں نے پانچ ہزار کا سوٹ اپنے ہاتھوں سے خراب کردیا تو وہ میری قبر بنا دیں گے۔۔۔۔۔۔اور امی ہائے ہائے کریں گی وہ الگ۔۔۔۔۔۔پر پھر میں نے سب کچھ

ذہن سے جھٹکا اور دکان سے باہر آکر اسے جاتا دیکھنے لگا۔۔۔۔میرا دل پل بھر کے لیے خالی ہوگیا۔۔۔۔وہ جارہی تھی۔۔۔۔اب پتہ نہیں کب آئے گی۔۔۔؟؟ آئے گی بھی یا نہیں۔۔۔۔۔۔وہ جیسے جیسے دور ہورہی تھی۔۔۔۔ویسے ویسے میری بے چینی میں اضافہ ہورہا تھا۔۔۔۔جب رہا نہ گیا تو میں نے پیچھے دکان میں بیٹھے آصف کو آواز لگائی۔۔۔

"میں ابھی آرہا ہوں دکان سنبھلا لو"۔۔۔۔۔۔میں یہ کہہ کر بائیک پہ بیٹھا اور بائیک اسکے پیچھے لگا لگی۔۔۔۔۔۔۔

&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&________________

&&&&&&&&__________

اسکا رکشہ نیو ملتان کی ایک گلی میں مڑ گیا۔۔۔۔میں نے بائیک سلو کردی تھی۔۔۔۔میں نکڑ پہ ہی رک گیا تھا۔۔۔۔ نظریں اس پہ ہی تھیں۔۔۔۔وہ چادر ٹھیک کرتی نکلی تھی۔۔۔اور ایک خستہ حال دروازے والے گھر میں داخل ہوگئی۔۔۔۔رکشہ اب دوبارہ نکڑ کی طرف آرہا تھا۔۔۔۔میں نے فوراً اپنا رخ بدلا۔۔۔۔اسکی دوست ابھی بھی رکشے میں ہی تھی۔۔۔۔وہ شاید کہیں اور رہتی تھی۔۔۔۔شاید۔۔۔۔۔۔میں وہاں بہت دیر تک کھڑا رہا۔۔۔۔اس دروازے کو تکتا رہا۔۔۔۔۔خوش ہوتا رہا۔۔۔۔۔مجھے ایسا لگ رہا تھا جیسے میں نے کوئی پرانا خزانہ ڈھونڈ لیا ہو۔۔۔۔۔وہاں کھڑے کھڑے مجھے وقت کا احساس ہی نہ ہوا۔۔۔۔میں ہوش میں تب آیا جب قریبی مسجد میں آذان ہوئی۔۔۔۔عصر کا وقت ہوگیا تھا۔۔۔۔یقیناً آصف دکان پہ میرا انتظار کررہا

ہو گا۔۔۔۔۔۔یہ سوچتے ہی میں واپسی کے لیے بائیک پہ بیٹھ گیا۔۔۔۔بائیک اسٹارٹ کرلی۔۔۔پر کلچ نہ چھوڑا۔۔۔۔میں نے اپنی گردن گھما کر اسکے دروازے کو دوبارہ دیکھا۔۔۔

"کل آؤں گا"۔۔۔۔۔۔یہ کہتے نجانے کیوں میرا لہجہ خوشگوار ہو گیا۔۔۔۔۔مسکراہٹ گہری ہوتی چلی گئی۔۔۔۔۔پھر راستہ کیسے کٹا نہیں معلوم۔۔۔۔۔۔۔رات کیسے ڈھلی نہیں معلوم۔۔۔۔۔میں نے پوری رات اسے اتنا سوچا کے نیند بھی مجھ سے ناراض ہو گئی۔۔۔۔۔آئی ہی نہیں۔۔۔۔۔مجھے ایک نیا شوق لگ گیا تھا۔۔۔۔کھلی آنکھوں سے سپنے بُننے کا۔۔۔۔۔تاروں سے ڈھکے آسمان میں اسے دیکھنے کا۔۔۔۔۔اور سورج کی تپھتی دھوپ میں اسکے گھر کے دروازے کو دیکھنے کا۔۔۔۔۔میں نے اسکے محلے کے نکڑ پہ بنے ایک ڈرنک کارنر پہ جاکر بیٹھنا شروع کر دیا۔۔۔۔اپنی دکان سے عصر کے وقت اٹھ جاتا تھا میں، اور پھر اس ڈرنک کارنر میں بیٹھا رہتا۔۔۔۔۔۔اس ڈرنک کارنر والے لڑکے سے میری اچھی خاصی بن گئی تھی۔۔۔۔۔یا میں نے زبردستی بنا لی تھی۔۔۔۔۔میں بے مقصد اسے چپکا گیا تھا۔۔۔۔۔پر وہ بھی بیچارا اچھا تھا جس نے مجھے چپکا بھی لیا۔۔۔۔میں اسکی دکان پہ بیٹھ جاتا تو وہ مجھ سے کوئی سوال نہ کرتا۔۔۔۔۔۔اور میں کسی سوال کا جواب دینے کی حالت میں ہوتا بھی نہیں تھا۔۔۔۔۔بس نگاہ کے دروازے کو دیکھتا رہتا۔۔۔۔۔پر وہ پتہ نہیں کیوں نہیں نکلتی تھی۔۔۔۔۔کبھی کبھی تو مجھے غصہ ہی آنے لگتا۔۔۔۔اس روز میں کافی دیر سے اسکے گھر کے دروازے کو تک رہا تھا۔۔۔۔تبھی وہاں ایک رکشہ آکر رکا۔۔۔۔۔جس میں سے ایک بوڑھی اماں نکلیں۔۔۔۔اور دروازہ بجایا۔۔۔۔مجھے لگا کوئی میرے دل پہ دستک دے رہا ہے۔۔۔۔۔وہ اب دروازہ کھولنے آئے گی۔۔۔۔۔میں بے ساختہ اپنی جگہ سے اٹھا۔۔۔۔۔۔اور چند قدم آگے بڑھ کر کھڑا

ہو گیا۔۔۔۔۔یوں کہ اب دروازہ کھولنے والا مجھے صاف دکھائی دیتا۔۔۔۔۔دوسری دستک پہ دروازہ کھلا۔۔۔۔اور وہ نکل آئی۔۔۔۔۔کالے سوٹ اور سرخ دوپٹے کو سر پہ اچھی طرح لپیٹے وہ اجلے رنگ سے میری نظروں کے سامنے کھڑی تھی۔۔۔۔۔وہ اب اس اماں سے مل رہی تھی۔۔۔۔۔پھر وہ اماں کو لے کر اندر چلی گئی۔۔۔عاشق پہ محبوب کے در کے دروازے بند ہوگئے۔۔۔۔۔کاش دل بند ہوجاتا۔۔۔۔۔۔دروازے کھلے رہتے۔۔۔۔۔میرا چہرہ مرجھا گیا تھا۔۔۔۔میں ابھی اپنی دکان پہ جانے کے لیے پلٹا ہی تھا کہ مجھے کسی کے قدموں کی چاپ، اپنے عقب سے سنائی دی۔۔۔۔میں پلٹا۔۔۔۔دل پہلو میں بری طرح دھڑکا۔۔۔۔وہ آرہی تھی۔۔۔۔شام کی چلتی ہوا سے اسکا دوپٹہ اسکے سر سے سرکا جارہا تھا۔۔۔اسکے ریشمی بال۔۔۔۔شرارت کرتے اسکے چہرے پہ آرہے تھے۔۔۔۔۔۔وہ قدم قدم میرے قریب آرہی تھی۔۔۔۔اور میں ہلنا تک بھول گیا تھا۔۔۔۔وہ میرے پاس سے گزر گئی۔۔۔دکان سے بوتل لے کر وہ واپس جارہی تھی۔۔۔۔۔اسکے چلے جانے کے بعد میں سنبھلا تھا۔۔۔۔میں اپنی حالت پہ جھنجھلا گیا۔۔۔۔۔اتنا بھی کیا دیوانہ پن کہ اسکے قریب آتے ہی خود سے بیگانا ہی ہوگیا۔۔۔۔میں نے سر جھٹکا اور بائیک اسٹارٹ کرکے واپس چلا گیا۔۔۔۔۔

_&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&____________

________________

مجھے اسکے گھر کی چوکھٹ کو دیکھتے اب بہت دن ہوگئے تھے۔۔۔اور مجھے اس بات کا احساس بھی ہوگیا تھا۔۔۔کہ اب چوکھٹ دیکھ کر گزارا نہیں ہوگا۔۔۔۔مجھے وہ چاہیے۔۔۔۔۔جو اس مکان میں

رہتی ہے۔۔۔۔۔۔جو مجھے مکمل کرے گی۔۔۔۔۔۔میرا گھر مکمل کرے گی۔۔۔۔۔۔۔جس کے نازک ہاتھوں کے لمس کو میں اپنے کشادہ ماتھے پہ محسوس کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔جسے اپنے سینے سے لگا کر میں آنکھیں موند لینا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔اور پھر اپنی دھڑکن کو اسکے دل کے ساتھ جوڑنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔تاکہ وہ مجھ سے کبھی جدا نہ ہو۔۔۔۔۔۔۔۔میں نے اب گھر بات کرنے کا فیصلہ کرلیا تھا۔۔۔۔اس روز میں شام کو دکان سے جلدی آگیا تھا۔۔۔۔میرے چار بہن بھائی صحن میں کھیل رہے تھے مجھے سے دو چھوٹی بہنیں کچن میں کھانا بنا رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔ابو اور امی اندر کمرے میں میرے سامنے خاموشی سے بیٹھے تھے۔۔۔۔۔باہر صحن میں شام اتر گئی تھی۔۔۔۔

اسکا رکشہ نیو ملتان کی ایک گلی میں مڑ گیا۔۔۔۔۔میں نے بائیک سلو کردی تھی۔۔۔۔۔میں نکڑ پہ ہی رک گیا تھا۔۔۔۔۔نظریں اس پہ ہی تھیں۔۔۔۔۔وہ چادر ٹھیک کرتی نکلی تھی۔۔۔۔اور ایک خستہ حال دروازے والے گھر میں داخل ہوگئی۔۔۔۔۔رکشہ اب دوبارہ نکڑ کی طرف آرہا تھا۔۔۔۔۔میں نے فوراً اپنا رخ بدلا۔۔۔۔۔اسکی دوست ابھی بھی رکشے میں ہی تھی۔۔۔۔۔وہ شاید کہیں اور رہتی تھی۔۔۔۔۔شاید۔۔۔۔۔۔۔میں وہاں بہت دیر تک کھڑا رہا۔۔۔۔۔اس دروازے کو تکتا رہا۔۔۔۔۔۔خوش ہوتا رہا۔۔۔۔۔۔مجھے ایسا لگ رہا تھا جیسے میں نے کوئی پرانا خزانہ ڈھونڈ لیا ہو۔۔۔۔۔۔وہاں کھڑے کھڑے مجھے وقت کا احساس ہی نہ ہوا۔۔۔۔۔میں ہوش میں تب آیا جب قریبی مسجد میں آذان ہوئی۔۔۔۔۔عصر کا وقت ہوگیا تھا۔۔۔۔۔یقیناً آصف دکان پہ میرا انتظار کررہا

ہو گا۔۔۔۔۔۔یہ سوچتے ہی میں واپسی کے لیے بائیک پہ بیٹھ گیا۔۔۔۔بائیک اسٹارٹ کرلی۔۔۔پر کلچ نہ چھوڑا۔۔۔۔میں نے اپنی گردن گھما کر اسکے دروازے کو دوبارہ دیکھا۔۔۔

"کل آؤں گا"۔۔۔۔۔۔یہ کہتے نجانے کیوں میرا لہجہ خوشگوار ہو گیا۔۔۔۔مسکراہٹ گہری ہوتی چلی گئی۔۔۔۔۔پھر راستہ کیسے کٹا نہیں معلوم۔۔۔۔۔۔رات کیسے ڈھلی نہیں معلوم۔۔۔۔۔میں نے پوری رات اسے اتنا سوچا کے نیند بھی مجھ سے ناراض ہو گئی۔۔۔۔آئی ہی نہیں۔۔۔۔۔مجھے ایک نیا شوق لگ گیا تھا۔۔۔کھلی آنکھوں سے سپنے بُننے کا۔۔۔۔تاروں سے ڈھکے آسمان میں اسے دیکھنے کا۔۔۔۔۔اور سورج کی تپھتی دھوپ میں اسکے گھر کے دروازے کو دیکھنے کا۔۔۔۔۔میں نے اسکے محلے کے نکڑ پہ بنے ایک ڈرنک کارنر پہ جاکر بیٹھنا شروع کردیا۔۔۔۔اپنی دکان سے عصر کے وقت اٹھ جاتا تھا میں، اور پھر اس ڈرنک کارنر میں بیٹھا رہتا۔۔۔۔۔۔اس ڈرنک کارنر والے لڑکے سے میری اچھی خاصی بن گئی تھی۔۔۔۔۔یا میں نے زبردستی بنا لی تھی۔۔۔۔۔میں بے مقصد اسے چپکا گیا تھا۔۔۔۔۔پر وہ بھی بیچارا اچھا تھا جس نے مجھے چپکا بھی لیا۔۔۔۔میں اسکی دکان پہ بیٹھ جاتا تو وہ مجھ سے کوئی سوال نہ کرتا۔۔۔۔۔۔اور میں کسی سوال کا جواب دینے کی حالت میں ہوتا بھی نہیں تھا۔۔۔۔بس نگاہ کے دروازے کو دیکھتا رہتا۔۔۔۔پر وہ پتہ نہیں کیوں نہیں نکلتی تھی۔۔۔۔۔کبھی کبھی تو مجھے غصہ ہی آنے لگتا۔۔۔۔اس روز میں کافی دیر سے اسکے گھر کے دروازے کو تک رہا تھا۔۔۔۔تبھی وہاں ایک رکشہ آکر رکا۔۔۔۔۔جس میں سے ایک بوڑھی اماں نکلیں۔۔۔۔اور دروازہ بجایا۔۔۔۔مجھے لگا کوئی میرے دل پہ دستک دے رہا ہے۔۔۔۔۔وہ اب دروازہ کھولنے آئے گی۔۔۔۔میں بے ساختہ اپنی جگہ سے اٹھا۔۔۔۔۔۔اور چند قدم آگے بڑھ کر کھڑا

ہو گیا۔۔۔۔۔یوں کہ اب دروازہ کھولنے والا مجھے صاف دکھائی دیتا۔۔۔۔۔دوسری دستک پہ دروازہ کھلا۔۔۔۔اور وہ نکل آئی۔۔۔۔۔کالے سوٹ اور سرخ دوپٹے کو سر پہ اچھی طرح لپیٹے وہ اجلے رنگ سے میری نظروں کے سامنے کھڑی تھی۔۔۔۔۔وہ اب اس اماں سے مل رہی تھی۔۔۔۔۔پھر وہ اماں کو لے کر اندر چلی گئی۔۔۔عاشق پہ محبوب کے در کے دروازے بند ہو گئے۔۔۔۔۔کاش دل بند ہو جاتا۔۔۔۔۔۔دروازے کھلے رہتے۔۔۔۔۔میرا چہرہ مرجھا گیا تھا۔۔۔۔میں ابھی اپنی دکان پہ جانے کے لیے پلٹا ہی تھا کہ مجھے کسی کے قدموں کی چاپ، اپنے عقب سے سنائی دی۔۔۔۔میں پلٹا۔۔۔۔دل پہلو میں بری طرح دھڑکا۔۔۔۔۔وہ آرہی تھی۔۔۔۔شام کی چلتی ہوا سے اسکا دوپٹہ اسکے سر سے سرتکا جارہا تھا۔۔۔اسکے ریشمی بال۔۔۔۔شرارت کرتے اسکے چہرے پہ آرہے تھے۔۔۔۔۔۔وہ قدم قدم میرے قریب آرہی تھی۔۔۔۔اور میں ہلنا تک بھول گیا تھا۔۔۔۔وہ میرے پاس سے گزر گئی۔۔۔دکان سے بوتل لے کر وہ واپس جارہی تھی۔۔۔۔۔اسکے چلے جانے کے بعد میں سنبھلا تھا۔۔۔۔میں اپنی حالت پہ جھنجھلا گیا۔۔۔۔۔اتنا بھی کیا دیوانہ پن کہ اسکے قریب آتے ہی خود سے بیگانا ہی ہو گیا۔۔۔۔میں نے سر جھٹکا اور بائیک اسٹارٹ کر کے واپس چلا گیا۔۔۔۔۔

_&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&____________

________________

مجھے اسکے گھر کی چوکھٹ کو دیکھتے اب بہت دن ہو گئے تھے۔۔۔اور مجھے اس بات کا احساس بھی ہو گیا تھا۔۔۔کہ اب چوکھٹ دیکھ کر گزارا نہیں ہو گا۔۔۔۔مجھے وہ چاہیے۔۔۔۔۔جو اس مکان میں

رہتی ہے۔۔۔۔۔۔جو مجھے مکمل کرے گی۔۔۔۔۔میرا گھر مکمل کرے گی۔۔۔۔۔۔جس کے نازک ہاتھوں کے لمس کو میں اپنے کشادہ ماتھے پہ محسوس کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔جسے اپنے سینے سے لگا کر میں آنکھیں موند لینا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔اور پھر اپنی دھڑکن کو اسکے دل کے ساتھ جوڑنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔تاکہ وہ مجھ سے کبھی جدا نہ ہو۔۔۔۔۔۔۔میں نے اب گھر بات کرنے کا فیصلہ کرلیا تھا۔۔۔۔اس روز میں شام کو دکان سے جلدی آگیا تھا۔۔۔میرے چار بہن بھائی صحن میں کھیل رہے تھے مجھے سے دو چھوٹی بہنیں کچن میں کھانا بنا رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔ابو اور امی اندر کمرے میں میرے سامنے خاموشی سے بیٹھے تھے۔۔۔۔باہر صحن میں شام اتر گئی تھی۔۔۔

گرمی میں بھی مجھے ٹھنڈے پسینے آرہے تھے۔۔۔حالت عجیب ہورہی تھی۔۔۔۔میں کھنکارا۔۔۔۔

"میں نے بات کرنی تھی آپ دونوں سے"۔۔۔۔۔۔

"تمہاری سننے ہی بیٹھے ہوئے ہیں پچھلے آدھے گھنٹے سے۔۔۔بول لو یا کہہ دو کل کروں گا بات۔۔۔۔۔۔ابھی بھول گیا۔۔۔۔۔۔تاکہ ہم کوئی کام کریں"۔۔۔۔امی چڑے ہوئے لہجے سے بولیں۔۔۔۔۔میں گڑبڑایا۔۔۔۔

"نہ۔۔۔نہیں۔۔۔نہیں۔۔۔بھولا نہیں۔۔۔۔۔یاد ہے سب"۔۔۔۔

"تو پھر کرو بھائی کیوں امتحان لے رہو۔۔۔کیا ہڈیاں جوڑو گے بٹھا بٹھا کر"۔۔۔؟؟؟ اب کی بار ابو بولے تھے۔۔۔۔۔۔دل کیا کہہ دوں پورا دن گھر میں ہی بیٹھتے ہو۔۔۔۔۔تب جڑیں۔۔۔؟؟ جو اب جڑ جائیں گی۔۔۔۔پر خیر۔۔۔۔۔مجھے آج میٹھا پیارا بننا تھا۔۔۔۔۔کسی بھی طرح اپنے والدین کو منانا تھا

کہ وہ نگاہ کے گھر رشتے لے جائیں۔۔۔۔میں نے بولنے سے پہلے ایک بار امی ابو کی شکل دیکھی۔۔۔پھر گہرا سانس لیا۔۔۔

"مجھے ایک لڑکی پسند آگئی ہے نیو ملتان رہتی ہے میری اس سے شادی کردیں"۔۔۔۔۔اور جلدی سے کہہ دیا۔۔۔ کہہ کر نظریں جھکا لیں۔۔۔۔کمرے میں سناٹا چھا گیا۔۔۔کچھ دیر خاموشی رہی کمرے میں۔۔۔میں نے آہستہ آہستہ پلکیں اٹھا کر امی ابو کو دیکھا۔۔۔جو حیرت سے منہ کھول کر مجھے دیکھ رہے تھے۔۔۔جیسے میں نے کوئی نئ بات کردی ہو۔۔۔۔

"کیا مطلب"۔۔۔؟؟؟ امی نے ناسمجھی سے پوچھا۔۔۔میری آنکھیں تعجب سے پھیل گئیں۔۔۔۔یعنی اتنے صاف الفاظ میں بتایا پھر بھی انہیں سمجھ نہیں آیا۔۔۔۔؟؟ میں نے اپنے خشک ہونٹوں پہ زبان پھیری۔۔۔۔اور دوبارہ کہا۔۔۔

"مجھے ایک لڑکی پسند آگئی ہے آپ اسکے گھر رشتہ لے جائیں"۔۔۔۔یہ میں نے امی کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔پھر نظریں ابو پہ لے گیا۔۔۔جو اب چارپائی پہ لیٹ گئے تھے۔۔۔۔اور سرد نظروں سے مجھے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔پھر انکے لب کھلے۔۔۔۔

"دماغ ٹھیک ہے تمہارا۔۔؟؟ تم سے پہلے تمہاری دو چھوٹی بہنوں کی کروں گا۔۔۔پھر تمہارا سوچوں گا"۔۔۔۔ابا کا لہجہ دوٹک تھا۔۔۔۔میں نے پہلو بدلا۔۔۔۔امی کو دیکھ۔۔۔ جنھوں نے مجھ سے نظریں گھما لیں۔۔۔۔یعنی میں کچھ نہیں جانتی۔۔۔۔۔ابو نے نظریں بدل لیں۔۔۔۔امی نے رخ بدل لیا۔۔۔۔۔مجھ سے پہلو بدل کر نہ بیٹھا گیا۔۔۔۔۔میں نے پھر لہجہ بدل لیا۔۔۔

"تب تک اسکی کہیں اور ہوگئی تو"۔۔۔؟؟؟

"تو تمہاری بھی کہیں ہو جائے گی۔۔۔فکر نہ کرو"۔۔۔۔ابو نے ناک سے مکھی اڑا کر بے نیازی سے کہا۔۔۔میں نے اچنبھے سے ابو کو دیکھا۔۔۔

"میں اس سے محبت کرتا ہوں"۔۔۔۔۔میری بات پہ ابو تمسخر سے ہلکا سا ہنسے۔۔۔

"تمہاری عمر میں مجھے بھی آئے دن محبت ہو جاتی تھی۔۔۔۔۔پر شادی کسی ایک سے بھی نہیں کی جہاں باؤ جی نے کہا کرلی۔۔۔اور آج خوش بھی ہوں"۔۔۔۔۔یہ کہتے ابو کی نظر امی پہ پھر باہر کھیلتے اپنے بچوں پہ گئی تھی۔۔۔۔امی کچھ کچھ شرما گئی تھیں۔۔۔۔۔اور میں جھنجھلا گیا۔۔۔۔

"ہم ایک سے نہیں ہیں ابو۔۔۔تو ایک سی محبت کیسے کرسکتے ہیں۔۔۔؟؟؟ میں نے اس سے سچی محبت کی ہے"۔۔۔۔۔ابو نے بھنو اچکا کر مجھے دیکھا۔۔۔

"تو اس سچی محبت کو وقت دو۔۔۔۔تا کہ پکی ہو جائے۔۔۔۔ابھی عشق لڑاؤ۔۔۔گھر بسانے کی تب سوچنا جب اپنی بہنوں کی شادی کردو گے"۔۔۔۔۔

"میں اپنی شادی کے بعد بھی اپنی ذمہ داریوں سے پیچھے نہیں ہٹوں گا"۔۔۔۔۔میں نے انہیں یقین دلانا چاہا۔۔۔۔

"تمہارا محبت کے بعد۔۔۔۔لہجہ بدل گیا۔۔۔شادی کے بعد۔۔۔تم نہیں بدلو گے۔۔۔۔کیسے مان لوں"۔۔۔؟؟؟ ابو مجھے جانچتی نظروں سے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔امی البتہ اٹھ کر چلی گئی تھیں۔۔۔۔

"میں نہیں بدلوں گا۔۔۔۔یقین کریں"۔۔۔۔۔۔میں نے کمزور سے لہجے میں منت کی۔۔۔۔۔

"تم یقین مجھ پہ کر لو۔۔۔۔کچھ عرصہ صبر کرلو۔۔۔۔بہنوں کی کردو۔۔۔پھر جہاں کہو گے تمہاری کردوں گا"۔۔۔۔۔مجھے اب غصہ آنے لگا تھا۔۔۔

"اور اس عرصے میں اگر اسکی شادی ہوگئی تو"۔۔۔؟؟؟

"پھر کچھ اور عرصہ لے لینا۔۔۔۔کوئی نئی مل جائے۔۔۔اس سے محبت کرنا۔۔۔۔گھر بھی بسا لینا"۔۔۔۔۔ابو پرسکون لہجے میں بول رہے تھے۔۔۔۔۔اور میرا دل جل رہا تھا۔۔۔۔۔خود پہ لاکھ ضبط کے بعد بھی میں اپنے اوپر قابو نہ کرسکا۔۔۔۔

"میں اسے بھگا بھی سکتا ہوں"۔۔۔میں نے یہ بات اتنے اعتماد سے کہی جیسے نگاہ بھی میرے انتظار میں ہی بیٹھی ہو۔۔۔۔اسے تو پتہ بھی نہیں ہوگا کہ میں اسے پسند کرتا ہوں۔۔۔۔میری بات پہ ابو نے لب بھینچ کر مجھے گھورا۔۔۔۔

"اور تمہیں لگتا ہے کہ میں پھر تمہیں اس گھر میں گھسنے دے دوں گا"۔۔۔۔؟؟؟

"اور آپ کو کیوں لگتا ہے کہ میں اسے بھگا کر بھی یہیں لاؤں گا"۔۔۔۔۔۔؟؟؟

"گھر سے نکلے تو دکان سے بھی نکال دوں گا"۔۔۔۔ابو نے مجھے دھمکایا۔۔۔۔۔میں ہلکا سا ہنسا۔۔۔۔

"جاؤں گا تو سب چھوڑ کر جاؤں گا۔۔۔۔پھر کسی سے نہ رابطہ رکھوں گا۔۔۔نہ امید"۔۔۔۔۔میں یہ کہہ کر کھڑا ہوگیا تھا۔۔۔۔ابو میری بات پہ گنگ رہ گئے تھے۔۔۔۔۔میں کمرے سے نکلنے لگا۔۔۔۔پھر رکا۔۔۔۔

"فیصلہ جلدی کرلیجئے گا کہ کب جانا ہے اسکی طرف۔۔ورنہ میں کوئی فیصلہ کرلوں گا۔۔۔۔پھر مت کہیئے گا کہ اولاد سچ میں بدل گئی"۔۔۔۔۔میں نے یہ بات اعلانیہ کہی تھی۔۔۔۔ضرور امی نے بھی سن لی ہوگی۔۔۔جو کچن میں تھیں۔۔۔۔یہ کہہ کر میں وہاں رکا نہیں۔۔۔۔بڑے بڑے ڈگ بھرتا۔۔۔گھر سے نکل گیا۔۔۔۔۔

&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&

اس دن کے بعد گھر میں ایک الگ ہی خاموشی چھا گئی۔۔۔۔مجھ سے سب نے بولنا چھوڑدیا۔۔۔۔خاص کر امی ابو نے۔۔۔۔بہنیں پھر بھی بول لیتی تھیں۔۔۔۔پر میں نے بھی کسی پہ توجہ نہ دی۔۔۔۔ہر روز گھر سے نکلنے سے پہلے کہہ دیتا۔۔۔۔

"اگر ارادہ بنے تو مجھے کال کردیجئے گا۔۔۔۔میں دکان سے آکر اسکے گھر لے جاؤں گا"۔۔۔۔۔مجھے اس جملے کے جواب میں کچھ بھی سننے کو نہ ملاتا۔۔۔۔سب ایسے ہوجاتے جیسے کسی نے سنا ہی نہیں۔۔۔۔پر میں نے کہنا نہ چھوڑا۔۔۔۔ہر روز کہتا۔۔۔۔پھر ایک دن مجھے میرے عقب سے امی کی آواز آئی۔۔۔

"وہ مان جائے گی"۔۔۔؟؟؟ میں بے یقینی سے پلٹا۔۔۔۔امی سنجیدگی سے مجھے دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔۔

"آپ نے منا کر آنا ہے"۔۔۔۔میں نے قدم امی کی طرف بڑھا دیے۔۔۔

"یعنی محبت صرف تمہیں ہے"۔۔۔۔امی نے میرے چہرے کو بغور دیکھ کر کہا۔۔۔۔میری زبان کو کچھ دیر کے لیے تالے لگ گئے۔۔۔۔وہ نہ مانی تو۔۔؟؟؟ دل کے کسی کونے سے آواز

آئی۔۔۔۔۔"نہیں ایسا نہیں ہو گا وہ مان جائے گی"۔۔۔۔۔میں نے خود کو تسلی دی۔۔۔پھر امی کی طرف متوجہ ہوا۔۔۔جو مجھے ہی دیکھ رہی تھیں۔۔۔

"ہاں جی ابھی صرف مجھے ہے"۔۔۔۔۔

"اور اگر اسے نہ ہوئی تو"۔۔۔۔؟؟؟ امی کے اس سوال پہ میرا دل کسی نے مٹھی میں لیا تھا۔۔۔۔

"ہو جائے گی"۔۔۔۔۔میں نے اعتماد سے کہا۔۔۔

"اور اگر نہ ہوئی تو۔۔۔وہ نہ مانی تو۔۔۔۔اسکے گھر والے نہ مانے تو"۔۔۔۔؟؟؟؟ امی کا ہر "تو" مجھے کسی تیر کی طرح لگ رہا تھا۔۔۔۔

"اگر اسے نہ ہوئی تو۔۔۔مجھے ہے اور اتنا کافی۔۔۔۔جہاں تک بات اسکے ماننے یا نہ ماننے کی ہے۔۔۔۔وہ انشاءاللہ مان جائے گی۔۔۔آپ بس ایک بار رشتہ لے جائیں"۔۔۔۔۔امی چارپائی سے کھڑی ہو گئیں۔۔۔میرے کاندھے پہ ہاتھ دھرا۔۔۔۔

"ایک بار جاؤں گی۔۔۔مان گئی تو ٹھیک ہے ورنہ قسم سے بار بار جاکر جوتیاں نہیں چٹخاؤں گی"۔۔۔۔ایک نہ دیدہ گرد میرے کاندھے سے جھاڑتیں وہ مجھے ساکت کر گئی تھیں۔۔۔۔۔

____&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&___________

________

اگلے روز میں تیار ہو کر امی کے سامنے کھڑا تھا۔۔۔امی نے مجھے حیرت سے دیکھا۔۔۔

"تم کہاں جا رہے ہو"۔۔؟؟؟

"اس کے گھر نہیں جانا"۔۔۔؟؟؟ میں نے خوشی سے امی کو یاد دلانا چاہا۔۔۔امی میری بے چینی پہ مسکرائیں۔۔۔۔پھر نہ میں سر ہلایا۔۔

"اس کے گھر میں اور تمہارے ابو ہی جائیں گے۔۔۔تم بس راستہ بتاؤ اور دکان کا رستہ لو۔۔۔۔شام کو آؤ گے تو بتا دیں گے کہ کیا بنی"۔۔۔۔۔۔میرا پل بھر کے لیے سانس رکا۔۔۔۔مجھے امی کے ارادے کچھ ٹھیک نہ لگے۔۔۔۔اور یہ بات شاید امی سمجھ گئ تھیں۔۔۔اس لیے وہ بولیں۔۔۔

"فکر نہ کرو۔۔۔دل سے جارہی ہوں رشتہ لے کر۔۔۔۔منت نہیں کروں گی۔۔۔پر کوشش پوری کروں گی کہ ہاں کروا کر ہی آؤں"۔۔۔۔

"آپ منت بھی کرلیجیئے گا امی"۔۔۔۔۔میں نے بے بسی سے کہا تھا۔۔۔۔امی نے میرے گال کو چھوا۔۔۔

"کیوں بھئ۔۔۔منتیں کیسی۔۔؟؟ میرے بیٹے میں کس چیز کی کمی ہے۔۔۔اونچا لمبا قد، خوبرو وجیہہ چہرہ۔۔۔۔صاف رنگت۔۔۔یہ ہلکی شیو اور مونچھیں۔۔۔کیسی جچتی ہیں تم پہ۔۔۔قمیص شلوار میں تو۔۔۔کسی گاؤں کے وڈیرے لگتے ہو۔۔۔۔۔پھر کیوں کروں میں منت۔۔۔؟؟؟؟ تم میں ایک کمی ہوتی تو میں۔۔۔لاکھ منتیں کرلیتی۔۔۔۔۔اب نہیں ہے کمی تو کیا کروں۔؟ میری گردن نہیں جھکے گی"۔۔۔۔۔۔امی نے بات کے آخر میں میری بلائی لی۔۔۔۔اور میں دل مسوس کر رہ گیا۔۔۔۔۔اور دکان پہ آگیا۔۔۔۔۔۔پر پورا دن میں بے چین رہا۔۔۔۔سوچا فون کرلوں۔۔۔۔پھر امی کی بات یاد آگئ۔۔۔۔

"انتظار کرنا۔۔۔۔جلدی نہ کرنا۔۔۔۔خوش خبر ہوئی تو گلے سے لگا کر دینا چاہیں گے ہم۔۔۔۔اور خوش خبر نہ ہوئی تو گلے سے لگا کر حوصلہ دے دیں گے"۔۔۔۔۔۔پتہ نہیں میری امی اتنی سفاک باتیں کیسے کرلیتی تھیں۔۔۔۔۔میرا دل کسی صورت دکان پہ نہیں لگ رہا تھا۔۔۔۔۔دل میں بار بار خیال آرہا تھا۔۔۔

"وہ نہ مانی تو"۔۔۔۔؟؟؟ پھر کہیں سے امی کی آواز آتی۔۔۔

"تصویر لے کر جارہی ہوں۔۔۔دیکھنا سر کے بل مانے گی"۔۔۔۔۔امی کی اس بات کو سوچتے میں دکان میں لگے شیشے کے سامنے کھڑا ہوگیا۔۔۔۔اور خود کو غور سے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔کالے بال۔۔۔۔جو کنگھے سے سدھارے ہوئے تھے۔۔۔۔پھولے گال۔۔۔کشادہ پیشانی۔۔۔۔چہرے پہ ہلکی شیو اور مونچھیں۔۔۔کالی چمکتی آنکھیں اور چوڑا سینہ۔۔۔۔۔ہلکے سبز رنگ کی قمیص شلوار سچ میں بہت اچھی لگ رہی تھی مجھ پہ۔۔۔۔میں نے پہلی بار خود کو اتنی توجہ سے دیکھا تھا۔۔۔۔اور مجھے اپنا آپ بہت پسند آیا۔۔۔۔۔"اسے بھی آجاؤں گا"۔۔۔۔۔۔میں نے دل میں سوچا اور وقت کے گزرنے کا انتظار کرنے لگا۔۔۔۔۔۔

_____&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&________________

جیسے جیسے رات ملتان پہ اترنے لگی میں بھی دکان بند کرنے لگا۔۔۔۔۔مجھ سے اور صبر نہیں ہورہا تھا۔۔۔۔پتہ نہیں کیا کہا ہوگا انہوں نے۔۔۔۔کیا بات ہوئی ہوگی۔۔۔؟؟؟ میں یہ سب کچھ سوچتا

گھر کی سمت بڑھ گیا۔۔۔۔۔بائیک میں ہوا میں اڑا رہا تھا۔۔۔۔میں نے گھر پہنچ کر بائیک کو دروازے کے سامنے لگایا اور خود اندر داخل ہو گیا۔۔۔۔

"امی ابو کمرے میں آپ کا انتظار کررہے ہیں"۔۔۔۔۔مجھ سے چھوٹی بہن نے میرے داخل ہوتے ہی کہا۔۔۔۔میں نے سر کو خم دیا اور کمرے کی طرف قدم بڑھا دیے۔۔۔دل کی دھڑکن ہر قدم پہ تیز ہورہی تھی۔۔۔۔۔

"اسلام علیکم"۔۔۔؟؟؟میں نے کمرے کی چوکھٹ میں جاکر بلند آواز میں کہا۔۔۔۔۔امی ابو کے چہروں کو بغور دیکھا۔۔۔۔انکے چہرے سپاٹ تھے۔۔۔۔۔میں ٹھٹک گیا۔۔۔۔۔

"آؤ اندر"۔۔۔۔۔میرے سلام کا جواب صرف امی نے دیا۔۔۔ابو نے بس مجھ پہ ایک استہزائیہ نگاہ ڈالی اور اٹھ کر چلے گئے۔۔۔۔۔میں قدم قدم چلتا امی کے سامنے جارکا۔۔۔۔۔

"کر آئی بات"۔۔۔۔امی نے چارپائی پہ بیٹھے بیٹھے مجھ دیکھ کر کہا۔۔۔

"یہ بتائیں بات بنی یا نہیں"۔۔۔۔۔؟؟ کچھ غلط ہو گیا ہے۔۔۔۔اس بات کا شور مجھے اپنے اندر سے سنائی دینے لگا تھا۔۔۔۔امی نے گہرا سانس لیا۔۔۔۔چارپائی سے کھڑی ہو گئیں۔۔۔۔میرے شانے پہ ہاتھ رکھا۔۔۔۔۔

"اتنی بھی کیا جلدی تھی محبت کرنے کی کہ ایک شادی شدہ لڑکی سے کرلی"۔۔۔۔؟؟؟ امی کے الفاظ تھے کہ کیا۔۔۔۔میں بالکل شل رہ گیا۔۔۔۔۔پر امی بول رہی تھیں۔۔۔۔انکی باتیں مجھ پہ ابلتے پانی کی طرح گر رہی تھیں۔۔۔۔

"وہ فیصل آباد میں رہتی تھی۔۔۔۔یہاں اسکی شادی ہوئی ہے اور شادی کو اب کی سردیوں میں پورا سال ہوجائے گا۔۔۔۔وہ تو میں نے رشتے کی بات سے پہلے اس سے اسکے بارے میں پوچھ لیا۔۔۔یہ سب اسی نے بتایا ہے"۔۔۔۔۔امی کی آواز آنا بند ہوئی تو میں نے خالی نظروں سے امی کو دیکھا۔۔۔۔

"آپ جھوٹ بول رہی ہیں"۔۔۔۔۔امی نے اداسی سے مجھے دیکھا۔۔۔

"تمہاری قسم سچ کہہ رہی ہوں"۔۔۔۔امی کی بات نے میرے دل پہ گھونسا دے مارا تھا۔۔۔۔زمین میرے پیروں تلے سے کھسنے لگی۔۔۔۔پر امی میرے گلے لگیں۔۔۔۔

"اداس ہونا پر جوگی مت بن جانا۔۔۔۔وہ نہیں تو کوئی اور مل جائے گی"۔۔۔۔۔مجھے محسوس ہوا میری آنکھوں میں کچھ ٹھہرنے لگا ہے جس سے ماحول دھندلاتا جارہا ہے۔۔۔۔۔میں نے امی کو آہستگی سے خود سے الگ کیا۔۔۔۔

"مشورہ آپ نے دیر سے دیا ہے امی۔۔۔میں جوگی بن گیا ہوں۔۔۔۔اداس بھی رہوں گا۔۔۔۔جوگ بھی پالوں گا"۔۔۔۔۔میرا گلا پہلی بار رندھا تھا۔۔۔۔

"چھوٹی بھائی کے لیے پانی لا"۔۔۔۔۔امی نے صحن کی طرف صدا لگائی تو منجھلی بہن دوڑ کر کچن میں گئی۔۔۔۔پھر امی نے مجھے دیکھا۔۔۔۔

"کیوں محبت کے نام پہ اپنا حشر نشر کرنا چاہتے ہو۔۔؟؟ تم میں کمی کس چیز کی ہے۔۔۔؟؟ کوئی اور مل جائے گی"۔۔۔۔۔۔مجھے امی کے اس پر سکون لہجے پہ نجانے کیوں غصہ آیا۔۔۔اتنا آسان کیوں لگتا ہے میرے گھر والوں کو محبت کرنا۔۔۔۔کسی کو چھوڑنا اور پھر کسی دوسرے سے محبت بھی

کرلینا۔۔۔۔کیوں یہ لوگ محبت کے اصول نہیں جانتے۔۔؟؟ ہاں یہ لوگ شاید کچھ نہیں جانتے پر میں انہیں سب سکھا دوں گا۔۔۔۔میں نے اپنے بکھرتے وجود کو سنبھالا۔۔۔۔ایک گہرا سانس کھینچا۔۔۔اتنے میں میرے لیے پانی بھی آگیا تھا۔۔۔پر میں نے گلاس پکڑنے کے بجائے امی کا ہاتھ پکڑا۔۔۔۔انکی آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں۔۔۔

"پہلے مجھ میں نہیں ہوگی کسی چیز کی کمی۔۔۔پر اب مجھ میں ایک کمی پیدا ہوگئی ہے۔۔۔۔اور وہ جانتی ہیں کیا ہے"۔۔۔۔؟؟؟ امی میرے سوال پہ خاموش رہیں۔۔۔۔۔تو میں بولا۔۔۔۔۔"مجھ میں اب اسکی کمی ہوگئی ہے۔۔۔۔اور یہ کمی اب مجھ میں وہی پوری کرے گی"۔۔۔۔۔۔یہ کہہ کر میں نے امی کا ہاتھ چھوڑ دیا۔۔۔۔وہ بالکل دم سادھ گئی تھیں۔۔۔۔مجھے کچھ نہ بول سکیں۔۔۔۔۔اور مجھے کسی قسم کا جواب چاہیے بھی نہیں تھا۔۔۔۔۔

"لے جاؤ پانی میں سنبھل گیا ہوں"۔۔۔۔۔میں نے پانی لیے کھڑی اپنی بہن کو کہا اور گھر سے نکل گیا۔۔۔۔۔بائیک پہ ماتم کرتے دل کے ساتھ میں اسی کی گلی میں پہنچ گیا جو خاموش پڑی تھی۔۔۔۔میں نے اس ڈرنک کارنر سے سگریٹ کی ڈبی لی۔۔۔۔اور وہیں بیٹھے کر اسکے گھر کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔جہاں رات کے پہلے پہر ہی روشنیاں بجھ گئی تھیں۔۔۔۔۔دھویں کے مرغولے میرے اور اسکے گھر کے درمیاں حائل تھے۔۔۔۔۔۔اگر میں بڑھوں گا تو دھواں مجھے روک نہیں پائے گا۔۔۔۔۔اور میں نے پیچھے ہٹنے کے لیے محبت کی ہی نہیں تھی۔۔۔۔۔۔اب وہ "ایک" ہے اور کسی "ایک" کو ہی ملے گی۔۔۔۔۔اور وہ "ایک" میں ہی ہوں گا۔۔۔۔۔۔۔رات کا سناٹا میری روح اور لہجے کو سرد کرتا جارہا تھا۔۔۔۔۔۔

&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&____________

_________&&&&&&&

اس دن کے بعد سے جتنا خالی پن مجھ میں پیدا ہو گیا تھا۔۔۔۔اتنا شاید ہی کسی میں پیدا ہوا ہو گا۔۔۔۔دل میں اتنی بے چینی بھر گئی تھی کہ میں نے اپنی زندگی سے بالکل منہ موڑ لیا۔۔۔۔کھانا کب ہے۔۔۔سونا کب ہے۔۔۔۔گھر جانا بھی ہے یا نہیں۔۔۔۔۔مجھے کچھ معلوم نہیں تھا۔۔۔۔میں نے دکان پہ بھی بالکل جانا چھوڑ دیا۔۔۔۔صبح ہوتے ہی اسکی گلی میں جا بیٹھتا۔۔۔۔اس روز میں اسی ڈرنک کارنر میں بیٹھا تھا کہ اس کے گھر کا دروازہ کھلا اور ایک پچاس کے قریب آدمی نکلا۔۔۔۔معمولی شکل و صورت کا گول منہ کا آدمی تھا۔۔۔میں نے اسے بغور دیکھا۔۔۔۔۔پھر اس ڈرنک کارنر والے لڑکے سے پوچھا۔۔۔۔

"یہ کون ہے"۔۔۔؟؟؟ وہ دکان میں گاہکوں کو سامان دے رہا تھا میری آواز پہ وہ میری طرف متوجہ ہوا۔۔۔۔

"وہ"۔۔۔؟؟ اسنے میری نظروں کے تعاقب میں دیکھا۔۔۔میری نظریں اسی آدمی پہ تھیں۔۔۔۔میں نے بس سر کو خم دے دیا۔۔۔۔

"یہ اسکا شوہر ہے وہ جو اس دن بوتل لینے آئی تھی"۔۔۔۔۔لڑکے کی آواز پہ میری گردن بے ساختہ اسکی طرف گھومی۔۔۔۔

"ک۔۔۔کی۔۔۔کیا"۔۔۔۔؟؟؟؟ مجھے لگا میں نے غلط سنا ہے۔۔۔۔لڑکے نے سر کو جنبش دی پھر دوبارہ بولا۔۔۔

"ہاں یہ باجی نگاہ کا شوہر ہے۔۔۔۔۔بیچاری"۔۔۔۔۔۔بیچاری کہتے اسکے لہجے میں دکھ تھا۔۔۔۔میں اسکا منہ دیکھتا رہ گیا۔۔۔۔کچھ بولا ہی نہ گیا مجھ سے۔۔۔۔۔نگاہ کی شادی اتنی بڑی عمر کے آدمی سے ہوئی تھی۔۔۔۔؟؟؟ یہ دیکھنے کے بعد میں پوری رات نہ سو سکا۔۔۔۔میری آنکھوں کے سامنے اسکی کانچ سی آنکھیں بار بار آنے لگیں۔۔۔۔۔۔ان کانچ آنکھوں میں کچھ تھا۔۔۔۔جو میں نے پہلے محسوس نہیں کیا تھا۔۔۔۔۔پر آج پتہ چل گیا کہ ان آنکھوں میں اداسی تھی۔۔۔۔۔۔تبھی وہ اتنا معصوم مسکراتی تھی۔۔۔۔۔میں جب اگلے دن گیا تو وہ مجھے بازار جاتی نظر آئی۔۔۔۔مجھ سے رہا نہ گیا۔۔۔۔۔میں اسکے پیچھے پیچھے بائیک چلانے لگا۔۔۔۔۔مجھے اسکے پیچھے جاتے یہ تیسرا دن تھا۔۔۔۔۔آج مجھے نگاہ میں کچھ تبدیلی لگی۔۔۔۔۔وہ کافی نپے تلے قدموں سے اطراف میں دیکھتی چلی رہی تھی۔۔۔۔۔پھر وہ بازار کے بجائے ایک سنسان گلی کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔وہاں ایک پرانی فیکٹری تھی۔۔۔۔جو اب بند رہتی تھی۔۔۔۔۔لوگوں کا وہاں آنا جانا کم ہوتا تھا۔۔۔۔مجھے تشویش ہوئی میں نے بھی بائیک اسی گلی میں موڑ لی۔۔۔۔۔۔نگاہ بالکل فیکٹری کے پاس جاکر رک گئی۔۔۔۔۔۔میں نے بائیک روکی ہی تھی کہ وہ پلٹی۔۔۔۔۔

"کیوں کر رہے ہو میرا پیچھا"۔۔۔۔۔؟؟؟ وہ غرائی تھی۔۔۔۔۔مجھے حیرت کا جھٹکا لگا۔۔۔۔۔مجھ سے بائیک کا کلچ چھوٹتا چلا گیا۔۔۔۔۔اور بائیک بند ہوگئی۔۔۔۔۔اسکی آنکھوں میں غصہ تھا۔۔۔۔۔۔وہ ابھی بھی بول رہی تھی۔۔۔۔۔

"کیوں کسی آسیب کی طرح میرے پیچھے پڑ گئے ہو یہ جان کر بھی نہیں میرا پیچھا چھوڑ رہے کہ میں شادی شدہ ہوں۔۔۔؟؟ تمہیں کیا لگا میں نے تمہیں پہچانا نہیں۔۔۔۔؟؟ اس دن ہی پہچان گئی

تھی۔۔۔جب خالہ میرے گھر آئی تھیں۔۔۔اور تم انکے پیچھے کھڑے مجھے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔پر سوچا کہ شاید یہ کوئی اتفاق ہے پر پھر ہر روز تمہارا پاگلوں کی طرح میرے گھر کو دیکھنا"۔۔۔۔وہ رکی اس نے گہرا سانس لیا۔۔۔میں گنگ کھڑا اسکی شکل دیکھ رہا تھا۔۔۔۔وہ پھر بولنے لگی۔۔۔

"میری جان چھوڑ دو"۔۔۔۔اسنے میرے سامنے ہاتھ جوڑ لیے۔۔۔۔میں تڑپ کر اسکی طرف بڑھا۔۔اسنے ہاتھ کا اشارہ کیا۔۔۔

"میری طرف مت بڑھنا۔۔۔۔ہر روز میرے پیچھے آنا چھوڑ دو مہربانی ہوگی تمہاری"۔۔۔۔۔اسکی آواز رندھ گئی تھی۔۔۔وہ گہرے گہرے سانس لے رہی تھی۔۔۔۔میں اسے دلگرفتی سے دیکھنے لگا۔۔۔۔وہ اب میرے پاس سے جارہی تھی۔۔۔کہ میں بولا۔۔۔

"تمہیں پتہ ہے میری امی نے کہا تھا کہ مجھ میں کوئی کمی نہیں ایک سے ایک لڑکی مل جائے گی"۔۔۔۔۔میری آواز پہ وہ جاتی ہوئی رک گئی۔۔۔میں قدم قدم چلتا اسکے پاس جانے لگا۔۔"پر میں نے انہیں کہا۔۔۔مجھ میں اب ایک کمی ہوگئی ہے۔۔۔۔اور اس کمی نے مجھے بیکار کردیا۔۔۔۔۔اور جانتی ہو وہ کمی کیا ہے"۔۔۔؟؟؟؟ میں اسکی پشت کو دیکھتے بول رہا تھا۔۔۔۔اب اس میں اور مجھ میں صرف دو قدموں کا فاصلہ تھا۔۔۔۔یا شاید اس سے بھی کم۔۔۔۔شاید اگر اب وہ پلٹتی تو میرے سینے سے ٹکرا جاتی۔۔۔۔مجھے اسکے وجود میں ہلکی لرزش محسوس ہوئی جو شاید میرے اتنے قریب ہونے سے تھی۔۔۔۔۔پر میں نے اپنی بات جاری رکھی۔۔۔۔۔"اور وہ کمی ہو تم۔۔۔۔۔تم ملو گی تو میں مکمل ہوں گا۔۔۔۔۔ورنہ ادھورا ہی رہ جاؤں گا۔۔۔۔اور یقین کرو۔۔۔ادھورے عاشقوں کی زندگی بہت طویل اور اذیت ناک ہوجاتی ہے۔۔۔۔۔وہ پل پل

مرتے ہیں۔۔۔۔پر مر بھی نہیں پاتے۔۔۔۔انکے سانس اکھڑتے ہیں۔۔۔۔پر رکتے نہیں۔۔۔۔دل کی دھڑکنے کمزور ہونے لگتی ہیں پر دل بند نہیں ہوتے۔۔۔۔وہ مر بھی جائے تو انکی آنکھیں کھلی رہ جاتی ہے۔۔۔۔کسی کا انتظار انہیں ٹھیک سے مرنے بھی نہیں دیتا"۔۔۔۔۔میں کہہ کر کچھ پل کے لیے خاموش ہوا تھا۔۔۔۔وہ آہستگی سے اب پلٹ رہی تھی۔۔۔۔وہ پلٹی تو اسکی آنکھیں آنسوؤں سے بھری پڑی تھیں۔۔۔۔

"ابھی سے کیوں رو رہی ہو۔۔۔۔۔مرا نہیں ہوں ابھی۔۔۔۔مر جاؤں گا تو رونا۔۔۔۔۔کہتے ہیں عاشق کی میت پہ اگر عشق چل کر آجائے تو اسکی روح کو چین مل جاتا ہے"۔۔۔۔۔اسکی آنکھوں سے آنسوں ٹوٹ کر اسکے گال پہ پھسلنے لگے تھے۔۔۔۔میں نے اسکے جواب کا انتظار نہ کیا بائیک کی طرف جاکر بائیک چلا لی اور وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔پر اسکے گھر کے باہر جانا نہ چھوڑا۔۔۔۔وہ اب اکثر چھت پہ آتی تھی۔۔۔۔شاید مجھے دیکھنے آتی تھی کہ میں کھڑا ہوں یا نہیں۔۔۔۔۔اس شام میں کھڑا تھا۔۔۔۔بارش ہونے لگی۔۔۔۔۔پہلے بارش ہلکی ہلکی ہورہی تھی۔۔۔۔پر جیسے شام گہری ہوئی۔۔۔۔بارش تیز ہوتی گئی۔۔۔۔پر میرا دل نہ کیا کہیں جانے کو۔۔۔۔وہیں کھڑا رہا۔۔۔۔کچھ دیر میں مجھے محسوس ہوا کہ کوئی مجھے دیکھ رہا۔۔۔۔میں نے نظریں اٹھا کر دیکھا تو وہ چھت پہ بارش میں کھڑی تھی۔۔۔۔میں اتنی دور سے بھی اسکی بے بسی دیکھ سکتا تھا۔۔۔۔اسنے وہاں سے ہاتھ جوڑ لیے۔۔۔۔وہ شاید مجھے بھیجنا چاہتی۔۔۔۔۔اور مجھے وہاں سے جانا بھی پڑا۔۔۔اگر میں نہ جاتا تو وہ پاگل بھی بارش میں کھڑی بھیگتی رہتی۔۔۔۔اور بیمار ہوجاتی۔۔۔۔۔

&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&___________

&&&&&&&______________

اس سب میں بہت دن گزر گئے تھے۔۔۔۔ابو اب بات بات پہ لڑنے لگے تھے۔۔۔۔۔کہتے کہ میں دکان کو برباد کردوں گا۔۔۔۔پر انہیں کون بتائے کہ جو خود برباد ہوگیا ہو۔۔۔۔اسکے زیزِ اثر کوئی بھی چیز امر نہیں ہوتی۔۔۔۔۔محبت بھی کسی درخت پہ پھیلتی امر بیل جیسی ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔پھیلتی رہتی ہے۔۔۔۔اور درخت کو ختم کرتی جاتی ہے۔۔۔۔۔اتنا پھیل جاتی ہے کہ درخت اپنا سب کچھ کھو دیتا ہے۔۔۔۔۔۔بس ایک امر بیل سنبھال لیتا ہے۔۔۔۔۔محبت کرکے مر جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔پر امر بیل کو خود سے دور نہیں کرتا۔۔۔۔۔۔میں نے خاموش رہنا شروع کردیا تھا۔۔۔کیونکہ میرے الفاظ اسکے لیے نکلتے تھے۔۔۔جو میری ایک نہیں سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔امی نے میری بہت منتیں کی کہ میں دوبارہ دکان پہ جانا شروع کردوں۔۔۔۔میں نے امی کی مان لی۔۔۔۔دکان پہ جانا شروع کردیا پر نگاہ کے محلے پھر بھی جاتا رہا۔۔۔۔مجھے اس روز جانے میں دیر ہوگئی تھی۔۔۔۔رات کافی ڈھل گئی تھی۔۔۔۔میں دکان سے سیدھا نگاہ کے محلے کی طرف چلا گیا۔۔۔وہاں پہنچا تو دیکھا کچھ عجیب لوگ نگاہ کے گھر کے دروازے کے باہر کھڑے دروازہ پیٹ رہے ہیں محلے والے بھی وہیں کھڑے تھے جو لوگ دروازہ پیٹ رہے تھے۔۔۔۔وہ مجھے دیکھے دیکھے لگے۔۔۔غور کیا تو یاد آیا وہ سب شہر کے آوارہ شرابی آدمی ہیں۔۔۔۔۔پر وہ نگاہ کے گھر کے باہر کیوں۔۔۔؟؟؟ میں جلدی سے بائیک سے اترا ابھی میں نگاہ کے دروازے تک بھی نہیں پہنچا تھا کہ

انہوں نے زبردستی دروازہ کھول لیا اور اندر داخل ہوگئے۔۔۔۔۔محلے والے ہونقوں کی طرح کھڑے سب دیکھ رہے تھے۔۔۔۔پر میں رک نہ سکا۔۔۔۔۔بھاگ کر اندر داخل ہوا۔۔۔۔وہاں وہ چیزیں ادھر ادھر پھینک رہے تھے۔۔۔۔وہ شاید کسی کو ڈھونڈ رہے تھے۔۔۔وہ لوگ چیزیں پھینکتے اندر کمروں کی طرف بڑھ گئے مجھے وہاں سے چیخنے کی آواز آئی۔۔۔وہ آواز نگاہ کی تھی۔۔۔۔ایک آدمی نے اسکا بازو دبوچ رکھا تھا اور وہ اسے گھسیٹتا باہر لارہا تھا۔۔۔۔نگاہ اپنا بازو چھڑوانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی تھی۔۔۔

"سیدھی ہوکر چل ہمارے ساتھ"۔۔۔۔۔اسنے نگاہ کو جھنجھوڑ کر کہا تو وہ سہمی گئی۔۔۔۔میں فوراً آگے بڑھا اور آدمی کا گریبان پکڑ لیا۔۔۔۔۔

"چھوڑو اسے"۔۔۔۔۔میری آواز گرج دار تھی۔۔۔۔گھر میں سناٹا چھا گیا۔۔۔۔نگاہ نے نم آنکھوں سے مجھے دیکھا۔۔۔۔میں نے ایک نظر نگاہ پہ ڈالی پھر آدمی کی طرف متوجہ ہوگیا۔۔۔

"میں نے کہا اسکا ہاتھ چھوڑو"۔۔۔۔۔میری آواز اتنی اونچی تھی کہ اس نے نگاہ کو چھوڑ دیا۔۔۔۔میں نے نگاہ کو اپنے پیچھے کیا۔۔۔۔اب وہ آدمی بھی میری طرف متوجہ تھا۔۔۔۔اور باقی کے اسکے دوست بھی میرے اردگرد گھیرا بنا کر کھڑے ہوگئے تھے۔۔۔۔

"ہٹ جاؤ لڑکے راستے سے۔۔۔۔اسکے شوہر نے اسے بیچ دیا ہے۔۔۔میرے پیسے نہیں دیے گئے تو اس نے مجھے اپنے گھر بھیج دیا تاکہ میں اسے یہاں سے لے جاؤں"۔۔۔۔۔آدمی کی بات سے میرا سر چکرا گیا۔۔۔۔

"بی۔۔۔بیچ۔۔۔بیچ دیا ہے"۔۔۔۔؟؟؟؟ میں نے بدقت پوچھا۔۔۔۔میرے پیچھے کھڑی نگاہ سسک رہی تھی۔۔۔۔۔اسنے میری قمیص مضبوطی سے پکڑ رکھی تھی۔۔۔۔۔

"ہاں اس نے اسے بیچ دیا ہے۔۔۔۔۔اب ہٹو راستے سے"۔۔۔۔آدمی نے مجھے دھکا دیا۔۔۔میں لڑکھڑایا تھا پر پھر فوراً سنبھل گیا۔۔۔۔اور اسکا نگاہ کی طرف بڑھتا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔۔۔

"تم اسے نہیں لے کر جاسکتے"۔۔۔۔۔آدمی نے بھنو اچکا لیے۔۔۔

"تو تم مجھے میرے پیسے دے دو"۔۔۔۔۔اسنے پرسکون لہجے سے کہہ کر میرے ہاتھ سے اپنا ہاتھ ایک جھٹکے سے چھڑایا۔۔۔۔

"بتاؤ کتنے پیسے ہیں تمہارے"۔۔۔۔۔؟؟؟ میں نے ترنت پوچھا۔۔۔اسنے اپنی کنپٹی مسلی اور بولا۔۔۔۔

"تیس ہزار"۔۔۔۔مجھے جھٹکا لگا۔۔۔۔صرف تیس ہزار میں وہ اتنی انمول چیز لے کر جارہا تھا۔۔۔؟؟؟ نگاہ کے شوہر نے اسکی قیمت اتنی کم لگائی۔۔۔۔؟؟؟؟ میرا دل کٹ کر رہ گیا۔۔۔۔میں نے اپنے جذبات پہ قابو کیا اور جیب سے اپنی چیک بک نکالی۔۔۔اور جلدی جلدی ہاتھ چلائے۔۔۔

"یہ پچاس ہزار ہیں"۔۔۔۔میں نے چیک کاٹ کر اسکی طرف بڑھایا۔۔۔۔۔"اب دفع ہوجاؤ یہاں سے"۔۔۔۔۔آدمی نے میرے ہاتھ سے چیک جھپٹا۔۔۔۔اور چلا گیا۔۔۔۔میں پلٹا اور نگاہ کو دیکھا۔۔۔۔جو اب فرش پہ بیٹھ کر پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔میں نے لب بھینچ کر اسے دیکھا۔۔۔۔۔پھر جھک کر اسکا ہاتھ پکڑ کر کھڑا کیا۔۔۔۔۔۔

"تم اب میرے ساتھ چلو۔۔۔۔اس لیے نہیں کہ میں نے انہیں تمہارے شوہر کا قرضہ دیا ہے۔۔۔۔۔میں تم سے محبت کرتا ہوں۔۔۔۔یوں ان حالت میں تمہیں چھوڑ کر نہیں جاسکتا"۔۔۔۔۔میں نے اسکا ہاتھ مضبوطی سے پکڑا اور باہر لے آیا۔۔۔محلے والے اب مجھے اور نگاہ کو دیکھ رہے تھے۔۔۔پر میں نے کسی کی پروا نہ کی نگاہ کو بائیک پہ بٹھایا اور وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔۔

&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&________________________________

&&&&&&&&&

میں اسے گھر تو لے آیا پر امی ابو نے خوب ہنگامہ کیا۔۔۔۔

"یہ یہاں نہیں رہے گی"۔۔۔۔۔امی نے کہا

"میں آپ کو ساری بات بتا چکا ہوں پھر بھی آپ یہ کہہ رہی ہیں"۔۔۔۔؟؟؟؟میں امی کو ایک ایک بات بتا چکا تھا۔۔۔۔۔وہ لوگ پھر بھی نگاہ کو رکھنے پہ تیار نہیں تھے۔۔۔۔ابو نے بڑھ کر میرا گریبان پکڑ لیا۔۔۔۔

"اپنی بکواس بند کرو لو مانی۔۔۔۔بہت ہوگیا"۔۔۔۔میں نے ابو کی بات درمیان میں ہی کاٹی۔۔۔۔

"ابھی کچھ نہیں ہوا۔۔۔۔پر اب ہو گا"۔۔۔۔میں نے اپنا گریبان چھڑوایا۔۔۔۔۔اور اپنے ساتھ کھڑی نگاہ کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔۔

"ہم یہاں نہیں رہیں گے لے کر جا رہا ہوں اسے"۔۔۔۔یہ کہہ کر میں نگاہ کو لے کر وہاں سے نکل گیا۔۔۔۔اور اپنے ایک دوست کے گھر چلا گیا۔۔۔۔۔اگلے روز میں سب سے پہلے تھانے گیا اور اسکے شوہر کے خلاف رپورٹ درج کروا دی۔۔۔۔پولیس والوں نے نگاہ کے شوہر کو جلد ہی پکڑلیا۔۔۔۔۔میں نے اہلِ محلہ کو گواہ بنا کر۔۔۔نگاہ کو اس سے طلاق دلوا دی تھی۔۔۔پولیس کی نگاہ کے شوہر سے پوچھ گچھ میں مجھے پتہ چلا کہ نگاہ کے والدین اسکے بچپن میں ہی فوت ہوگئے تھے۔۔۔۔نگاہ اپنے تایا تائی کے ساتھ رہتی تھی۔۔۔اور نگاہ کا جو شوہر تھا وہ اسکی تائی کا دور کا کزن لگتا تھا۔۔۔۔تائی نے نگاہ سے جان چھڑانے کے لیے اسکی شادی اپنے کزن سے کروادی۔۔۔۔مجھے نگاہ پہ بے اختیار بہت ترس آیا۔۔۔کتنی پریشانیوں کے بعد بھی وہ کتنا پیاری مسکراتی رہتی تھی۔۔۔۔۔جب میں اسے واپس اپنے دوست کے گھر لے آیا تو میں نے نگاہ کو اپنے سامنے بٹھایا۔۔۔۔

"یہ نہیں کہوں گا کہ میرے پاس رہ جاؤ۔۔۔۔۔جانے کا کہو گی تو جانے دوں گا۔۔۔پر اتنا حق تم پہ رکھنا چاہوں گا کہ میں تمہاری حفاظت کرتا رہوں"۔۔۔۔۔نگاہ نے ڈبڈبائی آنکھوں سے مجھے دیکھا۔۔۔۔پھر وہ کھڑی ہوگئی۔۔۔۔میں بھی کھڑا ہوگیا۔۔۔۔

"میں جانا چاہتی ہوں"۔۔۔۔میں اسکے سامنے سے ہٹ گیا۔۔۔۔وہ جانے لگی۔۔۔۔

"جاؤ گی کہاں ویسے"۔۔۔؟؟؟ میں نے اسکے عقب سے پوچھا۔۔۔۔اسکے قدم رک گئے۔۔۔۔

"اپنی دوست کے چلی جاؤں گی"۔۔۔۔اسنے بغیر پلٹے جواب دیا۔۔۔اچھا ہوا وہ پلٹی نہیں۔۔۔۔میں نہیں چاہتا تھا کہ وہ میری آنسوؤں سے بھری آنکھیں دیکھے۔۔۔۔میں نے اسکی طرف سے رخ بدل لیا۔۔۔۔اسکی طرف پیٹھ کرلی۔۔۔۔

"باہر میرے دوست کی گاڑی کھڑی ہے وہ اپنی بہن کے ساتھ تمہیں تمہاری دوست کے گھر چھوڑ آئے گا۔۔۔پھر اسکی بہن اکثر تمہارے پاس آیا کرے گی"۔۔۔۔۔میں مزید بولتا۔۔۔۔پر مجھ سے بولا نہ گیا۔۔۔۔۔وہ میری پشت سے آ لگی تھی۔۔۔۔۔میرا پل بھر کے لیے سانس رکا تھا۔۔۔۔

"میں جانا چاہتی ہوں"۔۔۔۔وہ رو رہی تھی۔۔۔میں اسکی طرف پلٹا۔۔۔۔۔اسکا جھکا چہرہ اوپر کیا۔۔۔۔اسکے آنسو صاف کیے۔۔۔۔

"اب نہیں جانے دوں گا"۔۔۔۔میں نے اسے اپنے سینے سے لگالیا۔۔۔۔میری گرفت نجانے کیوں مضبوط تھی۔۔۔شاید مجھے ڈر تھا کہ وہ کہیں سچ میں مجھے چھوڑ نہ جائے۔۔۔۔پر پھر یہ خوف بھی نہ رہا۔۔۔جب نگاہ نے بھی اپنی بانہیں میرے گرد حائل کرلیں۔۔۔۔۔میں نے سکون کا سانس لیا۔۔۔۔۔اور آنکھیں موند لیں۔۔۔۔

"نگاہ مان گئی۔۔۔۔۔۔۔امی ابو کو بھی میں جلدی منا لوں گا"۔۔۔۔میں نے دل میں سوچا تھا۔۔۔۔اور میں نے انہیں منانا بھی شروع کردیا۔۔۔ابو نہیں مانے پر امی مان گئیں۔۔۔۔بولیں۔۔۔۔

"بہت تیز ہو تم۔۔۔۔اب اگر بہنوں کی شادی نہ کی تو دونوں کو گھر سے نکال دوں گی"۔۔۔۔۔۔
میں ہنس دیا۔۔۔۔۔امی نے نگاہ کو گلے سے لگا لیا۔۔۔۔ابو نے امی کو گھورا۔۔۔۔امی نے جوابی ابو کو زیادہ آنکھیں دکھا دیں تو وہ زبردستی سا مسکرا دیے۔۔۔۔امی نے سادگی سے میرا اور نگاہ کا نکاح کروادیا۔۔۔۔اور ساتھ کہا۔۔۔

"رسمیں وغیر تمہاری بہنوں کی شادی میں ہی تمہاری بھی ساتھ کروں گی"۔۔۔۔

نکاح ہوگیا اتنا ہی کافی تھا۔۔۔رسموں کا ارمان کس کو ہے۔۔۔؟؟؟ نکاح کے بعد میرے بہن بھائیوں نے "بھابھی" "بھابھی" کا شروع مچا دیا۔۔۔۔اور یہ میرے بہن بھائیوں کا پہلا شور تھا جو مجھے بہت مانوس کرگیا۔۔۔دل کر رہا تھا کہ یہ شور کبھی تھمے ہی نہ۔۔۔۔۔۔۔

&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&&______________

&&&&&&&______________

# "ختم شد"